جسم کافور ہو

ساقیاں مہ جبیں، ماہ رو، نازنیں، سیم بر، حور عیں
مے پلا دل نشیں، لذۃِ شاربیں، شربتِ صالحیں

ساقیاں سیم بر، شربتِ پُر اثر، دے ہمیں جام بھر
جشن کی ہے سحر، فرح ہے گھر بگھر، شاد ہے ہر حسیں

ساقیاں جلد لا، ذوقِ عرفاں چکھا، جام دے بھر پلا
دردِ دل ہو شِفا، نشّہ ہو بر مَلا، دنگ ہو سامعیں

طرب کی شان ہے، جشنِ رِضوان ہے، خلق شادان ہے
بزمِ ایمان ہے، شورِ اَلحَان ہے، جمع ہے مؤمنیں

شاہ برہان دیں، تخت پر ہے مکیں، مالکِ ملکِ دیں
زبدۂ سالفیں، ازہد الزاہدیں، شاہِ کُرسی نشیں

شاہنشاہ ہدیٰ، خیر من قد برا، مہر نور خدا
مہلک کل عِدا، بدر رافق الندا، بوستان یقیں
رہبر ذوالعطا، کاشفِ کل غِطا، غافرِ کل خطا
عاف من اسخط، خیر من انبسط، افضل السالکیں
لب مسیحِ جہاں، رشک موسیٰ زباں، نطق رنگیں بیاں
دلِ مثالِ جناں، مثلِ سدرہ جناں، قلب روح الامیں
شہ سے اہلِ فلک شاد ہے سب ملک حامل عرش تک
بَر میں حیواں تلک، بحر میں ہر سمک، ہر مکاں کے مکیں
داعیِ دینِ حق، افضل ما خلق نور رب الفلق
ہے عدو کو قلق، روئے دشمن ہے فق تم سے اے مہ جبیں
جلوۂ طور ہو مصحفِ نور ہو، حُسن میں حور ہو
روح معمور ہو، جسم کافور ہو، رُخ ہے یوسف حسیں
شہ کی کیا میں ثنا بولوں، اے رہنما! ہے تُو قدسی ضیا
نفس عالم فِدا تجھ پہ ہو بارہا اے سُلیمانِ دیں

اے خجستہ سیر، چرخِ دیں کے قمر، شاہ دیں پاک پر

معدنِ لعل وزر، منبعِ جود تر، جلوۂ مہرِ دیں

بول زینت ثنا اِن کی ہر جابجا عطر عرفاں لگا

پاؤں پر سر جُھکا سب کہے جابجا آفریں، آفریں

﴿١٤﴾

نازنین	نازك ادا ء ، خوبصورة
سیم بر	حسين
دل نشین	دل پر نقش تهانار
بر ملا	سگلا نا درميان
غطا	دهاكن
اسخط	ناراض كرے
قلق	بے چيني
فق	پهيكو
آفرین	شاباش